SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

# خاندانی تشدد کے متاثرین کے لیے عارضی رہائشی اجازت نامہ
# (ٹی آر پی) (Temporary Resident Permit(TRP)

### خاندانی تشدد کے متاثرین کے لیے ٹی آر پی (TRP) کیا ہے؟

اگر آپ خاندانی تشدد یا بدسلوکی کا سامنا کر رہے ہیں اور آپ کی کینیڈا میں ایمیگریشن حیثیت نہیں ہے، تو آپ ایک خصوصی اجازت نامہ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں، جسے خاندانی تشدد کے متاثرین کے لیے عارضی رہائشی اجازت نامہ( ٹی آر پی) (Temporary Resident Permit (TRP)کہا جاتا ہے۔ ٹی آر پی (TRP) عام طور پر کسی ایسے شخص کو دیا جاتا ہے جو "ناقابل قبول" ہے، یعنی وہ کچھ وجوہات کی بنا پر کینیڈا میں داخل یا رہ نہیں سکتا، یا کسی ایسے شخص کو جو امیگریشن قانون کے تقاضوں کو پورا نہیں کرتا ہے۔ ان صورتوں میں، اگر یہ جائز ہے، تو ٹی آر پی (TRP) ایک شخص کو کینیڈا میں مختصر مدت کے لیے رہنے کی اجازت دیتاہے۔ ٹی آر پی- برائےخاندانی تشدد (TRP for family violence (TRP-FV))خاص طور پر ان لوگوں کے لیے ہے جو خاندان میں بدسلوکی کا سامنا کر رہے ہیں اور یا تو ان کی کوئی حیثیت نہیں ہے یا ان کی کینیڈا میں حیثیت ختم ہو گئی ہے۔

### خاندانی تشدد کے متاثرین کے لیے ٹی آر پی (TRP)کا ا ہل کون ہے؟

آپ خاندانی تشدد کے متاثرین کے لیے ٹی آر پی (TRP) کی درخواست دے سکتی/ سکتے ہیں اگر:

- آپ کینیڈا میں رہ رہے ہیں اور اپنے شریک حیات یا کامن لا پارٹنر کی طرف سے بدسلوکی کا سامنا کررہے ہیں اور
- آپ نےمستقل رہائش (PR) کے لیے درخواست دی ہے یا درخواست دینا چاہتے ہیں اور آپ کا پی آر (PR) حیثیت (سٹیٹس) حاصل کرنا آپ کے شریک حیات/ساتھی کے ساتھ بدسلوکی والے تعلقات میں رہنے پر منحصر ہے۔
- آپ کی امیگریشن کی کوئی حیثیت نہیں ہے

اگر آپ کی عارضی حیثیت ہے (جیسے وزیٹر ویزا) تو آپ درخواست دینے کے قابل ہوسکتے ہیں۔ نوٹ کریں: اگر آپ کے پاس ایک درست عارضی ویزا ہے (جیسے وزیٹر ویزا، ورک پرمٹ، یا اسٹڈی پرمٹ) تو آپ کی درخواست رد کی جا سکتی ہے اور آپ کو اس وقت درخواست دینا پڑ سکتی ہے جب آپ کی درست حیثیت ختم ہو جائے اور اسے بحال کرنے کی مدت ختم ہو جائے۔ یہ ایک پیچیدہ فیصلہ ہو سکتا ہے اور شائد آپ کسی وکیل سے بات کرنا چاہیں گے۔

SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

یہ ان حالات کی کچھ مثالیں ہیں جہاں آپ اہل ہو سکتے ہیں

- آپ کے شریک حیات یا پارٹنر نے آپ کو پی آر (PR) بننے کے لیے اسپانسر کرنے کے لیے درخواست دی ہے، لیکن آپ نے انہیں بدسلوکی کی وجہ سے چھوڑ دیا ہے یا آپ نے اس لیے نہیں چھوڑا کہ آپ کو ڈر ہے کہ آپ اپنی حیثیت کھو دیں گے
- آپ کے بدسلوکی کرنے والے شریک حیات یا پارٹنر نے اپنی کفالت (اسپانسرشپ) کی درخواست واپس لے لی ہے
- آپ کے بدسلوکی کرنے والے شریک حیات یا پارٹنر نے آپ کو بتایا کہ وہ اسپانسر شپ کی درخواست جمع کرائیں گے لیکن انہوں نے ایسا نہیں کیا
- آپ ایک وزیٹر، کارکن یا طالب علم کے طور پر کینیڈا آئی تھیں/ آئے تھے، اور آپ اپنے شریک حیات یا ساتھی کے ذریعے پی آر (PR) کے لیے درخواست دینے کی امید کر رہی تھیں/رہے تھے، لیکن یہ رشتہ بدسلوکی کا شکار ہو گیا ہے اور آپ کے شریک حیات یا ساتھی نے اسپانسر شپ کی درخواست جمع نہیں کرائی ہے۔

*جب آپ تشدد کے متاثرین کے لیے ٹی آر پی (TRP FV) کے لیے درخواست دیتے ہیں، تو آپ اسی وقت ورک پرمٹ کے لیے بھی درخواست دے سکتے ہیں جو آپ کو یہاں رہنے کے دوران کینیڈا میں کام کرنے کی اجازت دے گا۔ آپ عارضی ہیلتھ کوریج بھی حاصل کرسکتے ہیں۔

نوٹ کریں: جب آپ **پہلی بار** درخواست دیتے ہیں تو اس درخواست کے لیے **کوئی فیس نہیں** ہے۔ اگر آپ پہلی بار کے بعد کسی بھی ٹی آر پی (TRP)کے لیے درخواست دیتے ہیں تو، آپ کو فیس ادا کرنا ہوگی ۔ آپ کا ابتدائی ورک پرمٹ بھی مفت ہے، لیکن اگر آپ ورک پرمٹ کی تجدید کرتے ہیں تو آپ کو ادائیگی کرنی ہوگی۔

### بدسلوکی/خاندانی تشدد کی مثالیں

بدسلوکی/خاندانی تشدد کی بہت سی شکلیں ہیں۔ چند مثالیں یہ ہیں:

- جنسی زیادتی
- جسمانی زیادتی
- مالی استحصال
- نفسیاتی زیادتی
- غفلت
- تنہائی / آپ کو خاندان یا دوستوں سے ملنے یا بات کرنے، یا کلاس لینے یا کام کرنے کی اجازت نہ دینا

•نوٹ کریں: تشدد کے طور پر سمجھے جانے کے لیے زیادتی کو جسمانی ہونا ضروری نہیں ہے۔

SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

**خاندانی تشدد کا ثبوت**

آپ کو جس تشدد کا سامنا کرنا پڑا ہے اس کا ثبوت ہونا اچھا ہے، کیونکہ اس سے امیگریشن افسر کو آپ کے حق میں فیصلہ کرنے میں مدد ملے گی۔ لیکن اگر آپ کے پاس کوئی ثبوت نہیں ہے، تو پھر بھی کوئی بات نہیں۔ اس صورت حال میں، آپ کو صرف اپنے الفاظ میں آئی آر سی سی(IRCC) کو بتانا ہوگا کہ آپ کے ساتھ کیا ہوا ہے۔ اگر آپ کے پاس کوئی ثبوت ہے تو آپ اسے اپنی درخواست کے ساتھ منسلک کرسکتے ہیں۔ ثبوت/شہادت کی کچھ مثالیں درج ذیل ہیں :

- گواہوں کے بیانات
- پولیس کے ریکارڈ ز
- آپ کے ڈاکٹر یا کسی دوسرے طبی پیشہ ور افراد کا ایک خط جس سے آپ ملے ہیں (ایک نفسیات کی ڈاکٹر (سائکیاٹرسٹ) ماہر نفسیات (سائکولوجسٹ)، معالج (تھراپسٹ)، مشیر(کونسلر)، نرس، یا دیگر طبی پیشہ ور افراد
- سماجی کارکن یا معاون کارکن کے خطوط
- پناہ گاہ میں کارکنوں کے خطوط
- آپ کے عقیدے کے رکن کے خطوط (مثال: امام، پادری)
- زخموں کی تصاویر
- بدسلوکی کرنے والے کی طرف سے ای میلز یا متن

امیگریشن، ریفیوجیز اینڈ سٹیزن شپ کینیڈا (IRCC) کا آفیسر آپ کی فراہم کردہ دستاویزات کی بنیاد پر فیصلہ کر سکتا ہے۔ وہ آپ سے فون پر یا شخصی طور پر موجود ہو کر (ان پرسن) انٹرویو میں شرکت کی درخواست بھی کر سکتے ہیں اگر وہ سمجھتے ہیں کہ ایسا کرنا محفوظ ہے اور اس میں کوئی دشواری نہیں ہوگی۔

**خاندانی تشدد کے متاثرین کے لیے میری ٹی آر پی (TRP) کب تک درست رہے گی؟**

آئی آر سی سی (IRCC) آفیسر کم از کم 6 ماہ کے لیے لیکن اکثر 12 ماہ کے لیے ٹی آر پی (TRP) جاری کرے گا۔

یہ فیصلہ کرنے میں کہ آپ کو کتنے دنوں تک کے لیے ٹی آر پی (TRP) حاصل کرنی چاہیے، افسر مندرجہ ذیل باتوں پر غور کرتا ہے :

- کینیڈا سے آپ کے تعلقات
- بچوں کی تحویل (چائلڈ کسٹڈی) یا خاندانی قانون سے متعلق کوئی بھی مسائل

- وہ وقت جو آپ کو سوچنےکے لیے اور اپنے دوسرے امیگریشن کے آپشنز پر غور کرنے کے لیے چاہیئے۔
- آپ کو بدسلوکی کرنے والے سے بچنے کا موقع فراہم کرنا تاکہ آپ مستقبل کے لائحہ عمل کے بارے میں باخبر فیصلہ کر سکیں
- کوئی دوسری وجہ جو افسر کے خیال میں آپ کو تشدد سے بچانے میں مدد کرنے کے لیے اہم ہے

### درخواست دینے کا طریقہ

- آپ اپنے قریب ترین مقامی آئی آر سی سی (IRCC) کےدفتر میں ٹی آر پی (TRP) کی درخواست جمع کر کے درخواست دے سکتے ہیں۔ جب آپ ٹی آر پی (TRP) کے لیے درخواست دیتے ہیں، تو آپ اسی وقت ورک پرمٹ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں
- درخواستیں آئی آر سی سی (IRCC) کی ویب سائٹ پر پائی جاتی ہیں
- اگر آپ کا اپنا کوئی وکیل ہے، تو وہ آپ کی طرف سے درخواست جمع کرا سکتا ہے

اگر آپ کے پاس وکیل نہیں ہے اور اگر آپ کو یقینی طور پر معلوم نہیں ہے کہ ٹی آر پی (TRP) کے لیے درخواست دینا ہے یا نہیں، یا اگر آپ ٹی آر پی (TRP) یا اپنے امیگریشن کے دیگر اختیارات کے بارے میں معلومات جاننا چاہتے ہیں، تو آپ درج ذیل کرسکتے ہیں:

- آئی آر سی سی کلائنٹ سپورٹ سینٹر(سی ایس سی) (IRCC Client Support Centre (CSC) سے 1-888-242-2100 (ٹی ٹی وائی [ 1-888-576-8502پر رابطہ کریں
- مقامی آئی آر سی سی (IRCC) کےدفتر میں شخصی طور پر (ان پرسن) جائیں
- اپنی انکوائری آر سی سی(IRCC) کی ویب سائٹ پر موجود آن لائن ویب فارم میں جمع کروائیں

### پروسیسنگ میں جووقت لگتا ہے:

آئی آر سی سی (IRCC) ان درخواستوں پر تیزی سے کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتا ہے لیکن اس بات کی کوئی ضمانت نہیں ہے کہ آپ کی درخواست پر کتنی تیزی سے کارروائی ہوگی۔